# 3

# پانی رے پانی!

4312CH03

## پانی

منھ دھوؤں گا پانی سے
منّا بولا نانی سے

پیاسے پانی پیتے ہیں
پانی سے سب جیتے ہیں

جانے کب سے پانی ہے
کتنی بڑی کہانی ہے

کہیں اوس ہے، برف کہیں،
پانی ہی کیا بھاپ نہیں؟

سب رُوپوں میں پانی ہے
کہتی ایسا نانی ہے

ندیاں بہتی کل کل کل
جھرنے گاتے چھل چھل چھل

تالوں میں لہراتا جل
کنوؤں میں آتا نرمل

دھرتی پر جیون لایا
کھیت سینچ کر لہرایا

پر جب سیلاب لاتا ہے
بھاری آفت ڈھاتا ہے

شری پرساد
ہندی سے ترجمہ

---

اپنے علاقے میں پانی سے متعلق گائی یا سنائی جانے والی نظمیں اور گیت بچے کلاس میں سنائیں یا گائیں۔ اس سے اپنی کمیونٹی اور اپنے علاقائی فنون کے ساتھ اُنسیت پیدا ہوگی۔



2019-20



* کیا تم پانی کی کوئی نظم یا گیت جانتے ہو؟ کلاس میں سناؤ۔

* نظم میں کن جگہوں کا ذکر کیا گیا ہے جہاں پانی پایا جاتا ہے۔



* نیچے دیے گئے جن کاموں میں پانی کی ضرورت ہے، ان پر '✓' کا نشان لگاؤ۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کھیلنے میں | ☐ | گانا گانے میں | ☐ | چائے بنانے میں | ☐ |
| آٹا گوندھنے میں | ☐ | لکھنے میں | ☐ | ناؤ چلانے میں | ☐ |
| تصویر بنانے میں | ☐ | پودوں کو اُگانے میں | ☐ | پنکھا چلانے میں | ☐ |

* ایسے چار کام لکھو جو

◆ تم پانی کے بغیر کر سکتے ہو۔

__________ __________ __________ __________

◆ تم پانی کے بغیر نہیں کر سکتے۔

__________ __________ __________ __________

## * کس کے لیے کتنا پانی؟

نیچے دیے گئے کاموں میں استعمال ہونے والے پانی کی مقدار کی ترتیب میں لکھو۔

جس کام میں سب سے زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے، اسے پہلے لکھو۔ باقی کو زیادہ سے کم کی ترتیب میں لکھو۔

کام: نہانے میں، پینے میں، گھر دھونے میں، کھیت میں پانی دینے میں، آٹا گوندھنے میں۔

ترتیب: 1۔ ________ 2۔ ________ 3۔ ________

4۔ ________ 5۔ ________

© NCERT not to be republished

## ٭ کہاں سے ملتا ہے پانی؟

تم نے نظم میں ندیوں، جھرنوں، تالابوں اور کنوؤں کے بارے میں پڑھا۔ان سے ہمیں پانی ملتا ہے۔تم پانی کہاں کہاں سے لاتے ہو؟ تمھارے گھر میں یا گھر کے آس پاس ان میں سے جو جو ہیں ان پر ◯ لگاؤ۔

جھیل، کنواں، تالاب، جھرنا، سمندر، ندی،

نہر، ٹیوب ویل، نل، نل کوپ، ٹینک، گرم پانی کا سوتا



٭ کیا تم نے زمین میں سے گرم پانی نکلتے دیکھا ہے؟ کہاں؟



٭ تمھارے گاؤں یا شہر میں کیا کوئی ندی بہتی ہے؟ اگر ہے تو اس کا نام کیا ہے؟

______________________________

٭ کیا تم کچھ ندیوں کے نام جانتے ہو؟ ان کے نام لکھو۔

______________________________

______________________________



٭ تمھارے گھر میں پینے کا پانی کہاں سے آتا ہے؟

٭ کیا پانی لانے گھر سے دور جانا پڑتا ہے؟ پانی لانے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

٭ کیا آس پاس کے سبھی لوگ وہیں سے پانی لیتے ہیں؟

٭ پانی کو بھر کر رکھنے کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟

٭ تمھارے گھر کے لیے پانی بھرنے اور جمع کرنے کا کام کون کرتا ہے؟

٭ کیا ایسے بھی کچھ لوگ ہیں جن کو وہاں سے پانی بھرنے نہیں دیا جاتا ہے؟

بہت سی جگہوں پر کچھ مخصوص لوگوں کو مشترکہ ذرائع سے پانی لینے کی اجازت نہیں ہے۔اس پر تبادلۂ خیال کرنا اہم ہے کیوں کہ تعصب جیسے امور کے بارے میں بچّے حسّاس ہوتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

* نیچے دی ہوئی تصویروں میں سے اُن میں رنگ بھرو جن میں تم پانی بھر کر رکھتے ہو۔



* اگر تمہارے گھر میں کسی اور چیز میں پانی بھر کر رکھا جاتا ہے تو کاپی میں اس کی تصویر بناؤ اور نام بھی لکھو۔

تصویر میں دیے گئے سبھی برتنوں میں اگر اوپر تک پانی بھرا ہو تو

1۔ کس برتن میں سب سے کم پانی ہوگا؟

2۔ کس برتن میں سب سے زیادہ پانی ہوگا؟

یہ تم کیسے کہہ سکتے ہو؟

© NCERT not to be republished

# چُھٹکی چکرائی!



ہیرین اور چھٹکی کو بہت گرمی لگ رہی تھی۔ چچا نے کہا، رکو میں تمھیں آم کا پنّا دیتا ہوں۔ اُنھوں نے دو اسٹیل کے گلاس بھر کر بچوں کو پکڑا دیے۔ لیکن چُھٹکی نے ضدّ کی کہ مجھے تو کانچ کے گلاس میں پینے میں مزہ آتا ہے۔ چچا نے پنّا ایک کانچ کے گلاس میں منتقل کر دیا۔ لیکن چُھٹکی پھر بھی نہیں مانی۔ بولی، چچا! آپ نے تو مجھے کم دیا ہے۔

تمھیں کیا لگتا ہے؟ کیا چھٹکی کے گلاس میں کم پنّا تھا؟

پانی کہاں کہاں سے ملتا ہے؟ پہیلی میں سات ایسی جگہوں کو تلاش کرو اور ان کے ⬭ گرد نشان لگاؤ۔ آپ کے لیے ایک پر نشان لگایا گیا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| با | وَ | لی | جھی | ل |
| رِ | سا | کو | اں | ن |
| ش | سو | گ | جھ | تا |
| چ | ن | ہا | ر | لا |
| شمہ | دی | ٹاں | نا | ب |

'چُھٹکی چکرائی' والے پروگرام کو کر کے دکھائیں۔ بچوں کو اس کا مشاہدہ کرنے کا موقع دیں اور اُن سے سوال پوچھیں۔

© NCERT not to be republished

ان میں سے دوسروں سے جو الگ لگتا ہے، اس پر ○ لگاؤ اور بتاؤ کیوں؟

- ندی، پہاڑ، تالاب، نل، چشمہ
- نہانا، کپڑے دھونا، تیرنا، کنگھی کرنا، آٹا گوندھنا
- مچھلی، بطخ، بندر، مگرمچھ، کچھوا
- کار، ناؤ، بس، ریل گاڑی، سائیکل

## رنگوں سے کھیل

ایک کاغذ کو بیچ سے موڑو۔ اب کھول کر رنگ کی کچھ بوندیں ڈالو۔ کاغذ کو پھر سے موڑ کر دبا دو۔ کھول کر دیکھو کیا بنا؟





2019-20